آپ کے ڈاکٹر نے آپ کی علامات کی تحقیقات کیلئے آج ہی آپ کو فوری طور پر ہسپتال بھیج ہے۔ چونکہ یہ ہنگامی بنیاد پر کیا گیا ہے لہٰذا آپ کو دو ہفتوں کے اندر بلایا جائے گا۔ آپ کی یہ اپوائنٹمنٹ یعنی ملاقات کلینک میں کسی ماہر کے ساتھ ہوگی یا پھر تشخیص کیلئے کوئی ٹیسٹ وغیرہ کیا جائے گا جیسے کیمرہ کے ذریعے وغیرہ۔

آپ کی علامات کا تعلق کسی عام بیماری سے یا پھر سرطان یعنی کینسر سے بھی ہوسکتا ہے۔ تشخیص کئے جانے والے دس 10 میں سے نو 9 افراد کو کینسر کی بیماری نہیں ہوتی۔ تاہم یہ بہت ضروری ہے کہ ہم کسی بھی عارضے کی پہلے تشخیص کرلیں تا کہ علاج ممکن ہو سکے۔

آپ کو گلے چند دنوں میں ہسپتال سے اپوائنٹمنٹ موصول ہوگی۔ اگر دس 10 دن تک کوئی جواب نہیں آتا تو اپنی جی پی کی سیکرٹری کو مذکورہ بالا نمبر پر فون کریں۔ اپوائنٹمنٹ پر حاضر ہونے کی ہر ممکنہ کوشش کریں۔

ہسپتال میں آپ کے کچھ ٹیسٹ کرنے کی ضرورت پڑسکتی ہے تا کہ ماہرین آپ کی علامات کو سمجھ سکیں۔ یہ ٹیسٹ درج ذیل ہو سکتے ہیں:

- خون کا ٹیسٹ
- ایکسرے
- اسکین (سی ٹی/ ایم آر آئی)
- کیمرے کے ذریعے ٹیسٹ

اگر کیمرہ یا اسکین سے ٹیسٹ کرنا ہوا تو آپ کو پیشگی بتایا جائے گا لہٰذا براہ کرم فراہم کردہ ہدایات پر عمل کریں۔ ٹیسٹ کا نتیجہ آپ کو اُسی دن دیا جا سکتا ہے۔ ماہرین آپ کو مزید معلومات دے سکیں گے اور بتائیں گے کہ آگے کیا کرنا ہوگا۔

آپ گھر کے کسی فرد یا پھر کسی دوست کو بھی ساتھ لا سکتے ہیں۔ ایسا اِس لئے بھی مفید رہے گا اگر آپ نے ڈاکٹر سے کوئی سوال وغیرہ پوچھنا ہو۔ اگر آپ کو ہسپتال بھیجے جانے پر کوئی تحفظات ہوں یا کچھ پوچھنا چاہیں تو اپنے جی پی سے رابطہ کریں۔

ہنگامی طور پر حوالہ جات دیئے جانے کے بارے میں مزید معلومات کیلئے درج ذیل پر رجوع کریں :
http://www.cancerresearchuk.org/cancer-symptoms/what-is-an-urgent-referral

جب تک آپ کی اپوائنٹمنٹ آتی ہے تب تک مشورہ یہی ہے کہ آپ معمول کی سرگرمی/ورزش سرانجام دیتے رہیں۔ اگر مزید علاج کی ضرورت ہوئی تو آپ کے علاج کا ایک اہم حصہ آپ کی تندرستی کو بہتر بنانا ہوگا۔ مثلاً تمبا کو نوشی ترک کرنا اور سرگرمیوں کو بہتر کرنا۔